نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے آبپاش علاقوں میں گندم کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار بارے سفارشات جاری کردیں۔

لاہور:**11** نومبر **2025**(   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق آبپاش علاقوں میں گندم کی کاشت کا موزوں وقت یکم نومبر تا20 نومبر ہے۔تاہم گندم 30 نومبر تک کاشت کی جاسکتی ہے۔گندم کے کاشتکار محکمہ زراعت پنجاب کی منظور شدہ اقسام کا تصدیق شدہ بیج 45 تا50 کلوگرام فی ایکڑ استعمال کریں۔تصدیق شدہ بیج کے استعمال سے 20 فیصد پیداوار تک یقینی اضافہ ممکن ہوتا ہے۔آبپاش علاقہ جات کیلئے محکمہ زراعت پنجاب کی سفارش کردہ اقسام سویرا24 ،فلک 24، چمپئین ،عروج22 ،نشان 21 ،دلکش20 ،سبحانی21 ،ایم ایچ21 ،ڈیورم 2021 ،صادق21 ،نواب 21 ،این اے آرسی سپر،اکبر19 ،بھکرسٹار19 ،غازی19 ،رہبر 21 ،فخر بھکر17 ،اناج 17 ،اُجالا16 ،زنکول 16 ،بورلاگ16 ،جوہر16 ،فیصل آباد2008 ہیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ گندم کی کاشت ربیع ڈرل کے ذریعے کریں۔دھان کے وڈھ میں گندم کی بوائی ترجیحاً سپر سیڈر سے کریں جبکہ کپاس کے وڈھ میں روٹاویٹر چلا کرزمین بھربھری کرلیں۔بیج کے اُگاؤ کی شرح 85 فیصد سے زائد ہونی چاہیے۔

☆☆☆☆